حصہ الف (کثیر انتخاب سوالات)

سوال ۱۔ مندرجہ ذیل سوالات کے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

۱۔ جو کچھ قرآن پاک میں ہے وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق تھے۔ یہ الفاظ ہیں۔
(الف) حضرت عائشہؓ کے (ب) حضرت زینبؓ کے
(ج) حضرت ابوبکرؓ کے (د) حضرت بی بی فاطمہؓ کے

۲۔ علیم نے اپنی ٹوپی بیچی۔
(الف) پانچ روپے میں (ب) چھ روپے میں (ج) سات روپے میں (د) نو روپے میں

۳۔ بت شکن بادشاہ کا نام ہے۔
(الف) بہادر شاہ ظفر (ب) احمد شاہ ابدالی (ج) محمود غزنوی (د) التمش

۴۔ سبق ''نظریہ پاکستان'' کے مصنف ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان نے وفات پائی۔
(الف) 2001ء میں (ب) 2004ء میں (ج) 2005ء میں (د) ان میں سے کوئی نہیں

۵۔ کتاب ''ذخیرہ الخوانین'' کے مصنف ہیں۔
(الف) میر معصوم شاہ (ب) ابوالفضل فیضی (ج) شیخ فرید بکھری (د) مولانا شبلی

۶۔ شہر ٹھٹھہ میں 1689ء میں کپتان میں آیا تھا۔
(الف) کپتان مائیکل (ب) کپتان ہملٹن (ج) کپتان [illegible] (د) کپتان [illegible]

۷۔ چینی زبان میں جائی چن کا مطلب ہے۔
(الف) شکریہ (ب) اچھا پھر ملیں گے (ج) مزاج شریف (د) ان میں سے کوئی نہیں

۸۔ سبق ''قرطبہ کا قاضی'' کا مصنف ہے۔
(الف) سرسید احمد خان (ب) سید امتیاز علی تاج (ج) خواجہ حسن نظامی (د) ڈپٹی نذیر احمد دہلوی

۹۔ بادشاہ بہادر شاہ ظفر کی بیٹی کا نام تھا۔
(الف) نور محل (ب) کلثوم زمانی بیگم
(ج) زینب زمانی بیگم (د) ان میں سے کوئی نہیں

۱۰۔ نصاب میں شامل ''وائی'' کس شاعر کا کلام ہے۔
(الف) سچل سرمست (ب) علامہ اقبال
(ج) شاہ عبداللطیف بھٹائی (د) مولانا ظفر علی خان

۱۱۔ سبق ''پہلا قدم شرط ہے'' کس کی تصنیف ہے۔
(الف) راشد الخیری (ب) ابن انشاء (ج) سید ابوالخیر کشفی (د) ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان

۱۲۔ کسی غزل کے پہلے شعر کو کہتے ہیں۔
(الف) ردیف (ب) قافیہ (ج) مطلع (د) ان می سے کوئی نہیں

۱۳۔ گل خان نے گاؤں میں قائم کیا۔
(الف) زرعی فارم (ب) ڈیری فارم (ج) پولٹری فارم (د) مچھلی فارم

۱۴۔ 1699ء میں ٹھٹھہ شہر میں درسگاہیں تھیں۔
(الف) دوسو (ب) تین سو (ج) چار سو (د) ان میں سے کوئی نہیں

حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 9 سوالات کے جواب دیں۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

سوال ۲۔ قبیلہ مخزوم کی عورت کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فیصلہ دیا اور کیوں؟
سوال ۳۔ علیم نے مسکین کے کوچے میں کیا منظر دیکھا؟
سوال ۴۔ سندھ کے علم و فضل کے بارے میں ہملٹن نے کیا لکھا ہے؟
سوال ۵۔ ذیل کے الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔
ہولناک خلقت آگ بگولا ہونا فریضہ
سوال ۶۔ مخصوص رہن سہن کا زبان پر کیا اثر پڑتا ہے۔
سوال ۷۔ فعل معروف اور فعل مجہول کے باہمی فرق کو واضح کیجئے اور مثالیں دیجئے۔
سوال ۸۔ ذیل کے الفاظ کے واحد اور جمع بنائیے۔
ادیب خدام صنف قارئین
سوال ۹۔ زبیر کون تھا اور اس نے کیا جرم کیا تھا؟
سوال ۱۰۔ چین، طلبہ اور طالبات کی اردو دانی کے متعلق انشاء صاحب نے کیا لکھا ہے؟
سوال ۱۱۔ محنت کو ملک و قوم کا سب سے بڑا سرمایہ کیوں کہا جاتا ہے؟
سوال ۱۲۔ ذیل کے سابقوں اور لاحقوں کا لگا کر الفاظ بنائیے۔
بد گار ناک ہم
سوال ۱۳۔ مندرجہ ذیل کے اسم مکبر بنائیے۔
باغیچہ گھڑی ڈھولک لاٹھی

حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں کسی بھی 3 سوالات کے جواب دیں۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

سوال ۱۴۔ مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح بحوالہ متن لکھیں۔
''اچھا تو نیک بخت پھر مجھ کو اس بے عزتی سے بچنے کی کوئی تدبیر بتا''
سوال ۱۵۔ ذیل کے اشعار کی تشریح کیجئے۔
(الف) قوم مذہب سے ہے، مذہب جو نہیں، تم بھی نہیں
جذب باہم جو نہیں، محفل انجم بھی نہیں
(ب) جلے جاتے ہیں بڑھ بڑھ کر مٹے جاتے ہیں گر گر کر
حضور شمع پروانوں کی نادانی نہیں جاتی
سوال ۱۶۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ سچی ہمدردی گزرا ہوا زمانہ
سوال ۱۷۔ وہ کون سی اہم باتیں ہیں جن کے نہ ہونے سے سماجی خدمت کے ادارے پوری طرح کامیاب نہیں ہوتے؟
سوال ۱۸۔ نظم ''صبح کا سماں'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔ یا
اپنے والد کو خط لکھیں اور انہیں اپنے اسکول کی ہم نصابی سرگرمیوں سے آگاہ کریں۔